© rasailojaraid.com

ان يهدى الآخرون الى الله تعالى وذلك بالدعوة الى التمسك بالدين والتمسك بالخلق الصالح ——— ——— والله الموفق .

دے تو یہ بھی ضروری ہے کہ اب اوروں کی بھی اللہ کی طرف رہنمائی کرے۔ یہ کام دین پہ عمل پیرا ہو کر اور اسلام کے اخلاق و اعمال صالح اپنا کر ہو سکتا ہے۔

عبد الحلیم محمود شیخ الازہر

شیخ الازہر کے مذکورہ جامع کلمات میں عام مسلمانوں اور اہل علم کے لئے صدہا نصیحتیں ہیں خداوند قدوس ہم سب کو ایسے جامع اور عبقری مشائخ کی تعلیمات پر عمل کی توفیق دے اور مرحوم کو اعلیٰ علیین میں بہترین مقامات قرب و رضا سے نوازے اور جامع ازہر کو اس کے شایان شان جامع الصفات شیخ کی سیادت نصیب ہو۔

---

وفاق المدارس العربیہ پاکستان مدارس عربیہ کی سب سے بڑی تنظیم ہے۔ جو حضرت مولانا مفتی محمود صاحب مدظلہ کی قیادت و سیادت میں مدارس عربیہ کی تنظیم اور تعلیمی مسائل میں رہنمائی کا فرض انجام دے رہی ہے، مدارس فوقانی کے دورۂ حدیث کے امتحانات وفاق کی نگرانی میں ہوتے ہیں اور بحمد اللہ ان امتحانات میں شرکت کرنے والے دورۂ حدیث کے طلبہ کی سب سے بڑی تعداد دارالعلوم حقانیہ کی ہوتی ہے۔ اس سال ۱۳۹۸ھ کے سالانہ امتحانات کا نتیجہ شائع ہو گیا ہے۔ اور یہ خبر علمی و دینی حلقوں کے لئے عموماً اور وابستگان دارالعلوم حقانیہ کے لئے خصوصاً مسرتوں کا باعث بنے گی کہ پورے پاکستان سے وفاق کے ان امتحانات میں شرکت کرنے والے مدارس میں فسٹ آنے والے طالب العلم دارالعلوم حقانیہ کے ہیں۔ ان کا نام مولانا سعید الرحمان نعمانی (افغانستانی) ہے اور انہوں نے پانچ سو سے زائد نمبرات لیکر اوّل پوزیشن حاصل کی یہ صرف ان کے لئے نہیں بلکہ ان کے مادر علمی دارالعلوم حقانیہ کے لئے بھی ایک اعزاز ہے جس پر ہم انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

والله يقول الحق وهو يهدى السبيل .

سمیع الحق

© rasailojaraid.com